67895-اپنے ملک کے لوگوں کا روزہ ہو توکیا کوئی شخص سعودیہ کے ساتھ عید الفطر منا سکتا ہے ؟

سوال

ہمارے ملک میں رمضان المبارک تیس روز کا ہوا، لیکن سعودیہ میں انتیس روزے ہوئے، مجھے تعجب ہوا کہ رمضان کی تیس تاریخ کو میرے ایک دوست نے روزہ نہ رکھا، اور مجھے کہنے لگا : اس دن روزہ رکھنا حرام ہے کیونکہ سعودیہ میں چاند نظر آچکا ہے .

سوال یہ ہے کہ میرے دوست کے اس فعل کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر کوئی مسلمان شخص کسی ملک میں ہو جہاں شرعی رؤیت سے چاند نظر آنے سے رمضان المبارک کے مہینے کی ابتدا اور انتہاء ثابت ہو جائے تو روزہ رکھنے کی ابتدا اور عید الفطر منانے میں وہاں کے لوگوں کے ساتھ موافقت کرنا ضروری ہے، اسے اسی کا حکم بھی ہے، اس کی تفصیل سوال نمبر (12660) کے جواب میں بیان ہو چکی ہے، اس کا مطالعہ کریں .

لیکن اگر کوئی مسلمان شخص کسی کافر ملک میں بستا ہو، یا پھر ایسے ملک میں رہائش پذیر ہو جہاں مہینے کی ابتدا اور اختتام میں وہاں کے لوگ اپنی خواہشات کے مطابق کرتے ہوں، اور اس میں رؤیت شرعی کا اہتمام نہ کریں تو پھر اس پر معتبر لوگوں کی رؤیت اور شرعی احکام پر چلنے والے لوگوں کی موافقت کرنے میں کوئی حرج نہیں .

اس کی تفصیل دیکھنے کے لیے آپ سوال نمبر (50522) کے جواب میں دیکھی جا سکتی ہے .

واللہ اعلم .